# ۲۴۔ ہمارے لباس



**بتاؤ تو بھلا!**



۱



۲



۳

اوپر دی ہوئی تصویریں غور سے دیکھو اور بتاؤ کہ یہ تصویریں کن موسموں کی ہیں۔ چوکون میں لکھو۔

۱۔ پہلی تصویر میں لوگ کس قسم کے کپڑے پہنے ہوئے ہیں؟

۲۔ اس قسم کے کپڑے پہننے کی وجہ کیا ہے؟

۳۔ دوسری تصویر میں لوگ کس قسم کے کپڑے پہنے ہوئے نظر آرہے ہیں؟

۴۔ کس موسم میں لوگ رین کوٹ اور چھتری استعمال کرتے ہیں؟


۵۔ تمھارے ماحول میں مختلف موسموں میں استعمال کیے جانے والے کپڑوں کی فہرست بناؤ۔

- الگ الگ موسموں کے کپڑوں میں ایسی تبدیلی کیوں ہوئی ہے؟
- – کیونکہ ان موسموں میں وہاں کی ہوا تبدیل ہوگئی ہے۔
- – اس تبدیلی سے اپنے جسم کی حفاظت کے لیے ہمیں کپڑوں کی ضرورت ہوتی ہے۔



**کیا تمھیں معلوم ہے؟**

- ہوا میں ہونے والی تبدیلی کے سبب ایک سال تین حصّوں میں تقسیم ہوجاتا ہے۔ اسے **موسم** کہتے ہیں۔
- یہ موسم ہیں: • **گرما** • **بارش** • **سرما**
- ہر موسم عام طور پر چار مہینوں کا ہوتا ہے۔
- ایک کے بعد دوسرا، اس طرح موسم لگاتار آتے رہتے ہیں۔ اسے **موسموں کا چکر** کہا جاتا ہے۔
- موسم کے مطابق فطرت اور ماحول میں تبدیلی ہوتی رہتی ہے۔





## اسے ہمیشہ ذہن میں رکھیں!

انسان اور دوسرے جانداروں کی زندگی پر موسموں کا گہرا اثر پڑتا ہے۔ہم ہر موسم کے مطابق الگ الگ کپڑے پہنتے ہیں اور اپنے کھانے میں بھی تبدیلی کرتے ہیں۔کھیتی اور دوسرے پیشوں پر بھی موسم کا اثر پڑتا ہے۔فطرت میں موسم سے کئی تبدیلیاں ہوتی رہتی ہیں۔بہتر یہ ہے کہ انسان ان تبدیلیوں کے مطابق اپنے آپ کو ڈھال لے۔



## آؤ دماغ پر زور دیں!

- گرما، بارش اور سرما یہ موسم کن مہینوں میں آتے ہیں؟
- سرما میں حفاظت کے لیے ہم گرم کپڑے پہنتے ہیں۔گرما میں وہی کپڑے پہنیں تو کیا ہوگا؟
- جاندار کپڑے نہیں پہنتے، پھر سردی سے ان کی حفاظت کیسے ہوتی ہے؟
- سرما میں اکثر درختوں کے پتّے جھڑ جاتے ہیں۔ان درختوں پر دوبارہ پتّے کب آتے ہیں؟



## آؤ یہ کرکے دیکھیں!



۱۔ اپنے آس پاس کے لوگوں کے لباس دیکھو۔

۲۔ نیچے دیے ہوئے نکات کے سہارے ان کے کپڑوں کا فرق لکھو۔

(۱) رنگ (۲) قسم (۳) پیشوں کے مطابق لباس



### طرح طرح کے لباس



- اپنا ملک بہت بڑا ہے۔اسی لیے علاقوں کے اعتبار سے لوگوں کے لباس الگ الگ ہیں۔
- مرد پینٹ شرٹ کے علاوہ دھوتی، قمیص، پاجامہ، لنگی استعمال کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔اسی طرح ٹوپی، کارچوبی شملہ، پگڑی، عمامہ بھی استعمال کرتے ہیں۔



- عورتیں اورلڑکیاں ساری،شلوار،قمیص،فراک اور پینٹ شرٹ بھی پہنتی ہیں۔
- تہوار-تقریب کے موقع پر لوگ سجتے سنورتے ہیں۔ کچھ لوگ اپنا روایتی لباس پہنتے ہیں۔کچھ لوگ نمایاں نظر آنے کے لیے عمدہ کپڑے پہنتے ہیں۔تم سمجھ گئے ہوں گے کہ لوگ الگ الگ رنگوں والے اور مختلف قسم اور مختلف نقش و نگار



والے کپڑے پہنتے ہیں۔اسی کو لباس کا تنوّع کہا جاتا ہے۔موسم کے مطابق خاص طور پر کپڑے پہنے جاتے ہیں لیکن کپڑے پسند، سہولت اور پیشے کے اعتبار سے بھی طے کیے جاتے ہیں۔ اسی طرح رسم و رواج کے مطابق بھی تنوّع پایا جاتا ہے۔



تم یونیفارم پہن کر اسکول جاتے ہو۔سبھی طلبہ یونیفارم میں ہوتے ہیں اسی لیے یکساں نظر آتے ہیں۔اس سے تمھاری ایک الگ پہچان بن جاتی ہے۔اسی طرح کچھ پیشوں کے یونیفارم مخصوص ہیں۔اس قسم کے الگ الگ پیشوں کی وردیوں کے بارے میں معلومات حاصل کرو۔

## میں کون ہوں ؟

١۔ میں سفید کوٹ پہن کر لوگوں کی جانچ کرتا ہوں۔



٢۔ میں نیلے کپڑے پہنتا ہوں۔کہیں آگ لگ جائے تو بجھاتا ہوں۔

٣۔ میں خاکی وردی میں دِکھائی دیتا ہوں۔کہیں لڑائی جھگڑا ہو جائے تو وہاں پہنچ جاتا ہوں۔



٤۔ میں دواخانے میں رہ کر مریضوں کی دیکھ بھال کرتی ہوں۔

٥۔ میں ملک کی حفاظت کے لیے ہمیشہ تیار رہتا ہوں۔



## آ ؤ دماغ پر زور دیں!

۱۔ نسرین کو اپنے ماموں کے گھر پیدل جانا ہے لیکن زوردار بارش ہو رہی ہے۔ بغیر بھیگے ہوئے ماموں کے گھر جانے کے لیے اسے کیا کرنا ہوگا؟

۲۔ یوسف نے اؤنی کپڑے پہن رکھے ہیں جس کی وجہ سے اسے گرمی محسوس ہو رہی ہے۔ اس کے لیے کون سے کپڑے مناسب ہیں؟



## کیا کریں گے بھلا؟

ماجد اور ثانیہ ایک سرد مقام پر پکنک کے لیے جانے والے ہیں۔ تمھارے خیال میں انھیں استعمال کے لیے نیچے دی ہوئی چیزوں میں سے اپنے ساتھ کیا کیا لے جانا چاہیے۔

تم نے جن تصویروں کو چنا ہے ان کے نیچے دیے ہوئے چوکون میں ✓ نشان بناؤ۔
















## کیا تمھیں معلوم ہے؟

فوجیوں کی وردی قدرتی ماحول کے مطابق ہوا کرتی ہے۔ ایسا اس لیے کیا جاتا ہے تا کہ دشمن فوج کو آسانی سے معلوم نہ ہوسکے۔ ریگستان میں خاکی کپڑے، جنگلات کے علاقوں میں ہرے اور ہمالیہ جیسے برفانی علاقوں میں وہ سفید وردی استعمال کرتے ہیں۔

## ہم نے کیا سیکھا؟

* موسم کے مطابق لباس میں تبدیلی کرنا پڑتی ہے۔
* پسند، پیشے اور رسم و رواج کے مطابق کپڑے الگ الگ قسم کے ہوتے ہیں۔

## مشق

### مختصر جواب لکھو:

(۱) ایک سال کے دوران تمھیں کتنے موسموں کا تجربہ ہوا؟

(۲) موسم کے مطابق کپڑوں میں تبدیلی کیوں کی جاتی ہے؟

(۳) ایسے تین پیشوں کے نام لکھو جن میں وردی کی ضرورت ہوتی ہے۔
(ایسے پیشوں کے نام لکھو جو سبق میں نہ دیے گئے ہوں۔)

(۴) تمھارے آس پاس پہنے جانے والے روایتی کپڑوں کے نام لکھو۔

### سرگرمی

کپڑوں کی دکانوں/نمائش میں جاؤ۔ وہاں تمھیں پسند آنے والے کپڑوں کی تصویر بناؤ۔ ان کے متعلق چار سطروں میں معلومات لکھو۔

***

JLTVT9